378

آیات نمبر 48 تا 60 میں اللہ کی قدرت کی نشانیوں کا ذکر اور مشرکین کو توحید کی دعوت۔ روز قیامت مجرم قسمیں کھا کر کہیں گے کہ وہ دنیا میں چند گھنٹوں سے زیادہ نہیں رہے تھے۔ قرآن میں ہر چیز واضح کر دی گئی ہے لیکن جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ ایمان نہیں لائیں گے ۔ رسول اللہ کو صبر کرنے کی تلقین اور کامیابی کی بشارت کیونکہ اللہ کا وعدہ سچا ہے

اَللّٰهُ الَّذِىۡ يُرۡسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيۡرُ سَحَابًا فَيَبۡسُطُهٗ فِى السَّمَآءِ كَيۡفَ
يَشَآءُ وَيَجۡعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الۡوَدۡقَ يَخۡرُجُ مِنۡ خِلٰلِهٖ‌ۚ وہ اللہ ہی ہے جو
ہواؤں کو بھیجتا ہے پھر وہ بادلوں کو اٹھائے پھرتی ہیں پھر وہ جس طرح چاہتا ہے ان کو
آسمان میں پھیلا دیتا ہے اور کبھی انہیں ٹکڑوں میں تقسیم کر دیتا ہے پھر تم دیکھتے ہو کہ
بادلوں میں سے بارش کے قطرے نکلتے ہیں فَاِذَاۤ اَصَابَ بِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ
عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمۡ يَسۡتَبۡشِرُوۡنَ ﴿۴۸﴾ پھر وہ اس بارش کو اپنے جن بندوں تک چاہتا
ہے پہنچا دیتا ہے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں وَاِنۡ كَانُوۡا مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ يُّنَزَّلَ
عَلَيۡهِمۡ مِّنۡ قَبۡلِهٖ لَمُبۡلِسِيۡنَ ﴿۴۹﴾ حالانکہ اس بارش کے برسنے سے پہلے وہ بارش
سے بالکل مایوس ہو چکے تھے فَانۡظُرۡ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحۡمَتِ اللّٰهِ كَيۡفَ يُحۡىِ
الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا‌ ؕ پس آپ رحمت الٰہی کے اثرات دیکھیں کہ وہ زمین کو مردہ
ہو جانے کے بعد کس طرح اسے دوبارہ زندہ کر دیتا ہے اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحۡىِ الۡمَوۡتٰى‌ ۚ وَ
هُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۵۰﴾ کچھ شک نہیں کہ وہی مُردوں کو زندہ کرنے والا ہے
اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے وَلَئِنۡ اَرۡسَلۡنَا رِيۡحًا فَرَاَوۡهُ مُصۡفَرًّا
لَّظَلُّوۡا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ يَكۡفُرُوۡنَ ﴿۵۱﴾ اور اگر ہم ایسی ہوا بھیج دیں جس کے اثر سے یہ

لوگ اپنی کھیتی کو مرجھایا ہوا اور زرد پائیں تو فوراً ہماری تمام گزشتہ نعمتوں کی ناشکری
کرنے لگیں گے فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَ لَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا
وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۲﴾ اے پیغمبر (ﷺ)! نہ تو آپ مُردوں کو اپنی بات سنا سکتے ہیں
اور نہ بہرے شخص کو اپنی آواز سنا سکتے ہیں جب وہ آپ سے پیٹھ پھیر کر بھاگ رہا ہو
وَ مَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا
فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾ اور نہ ہی آپ ان بصیرت سے محروم اندھوں کو ان کی گمراہی
سے نکال کر ہدایت دے سکتے ہیں، آپ تو بس انہی لوگوں کو سنا سکتے ہیں جو ہماری
آیتوں پر ایمان لاتے ہیں اور پھر سر تسلیم خم کر دیتے ہیں [رکوع ۵] اَللّٰهُ الَّذِيْ
خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ
قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّ شَيْبَةً ؕ وہ اللہ ہی ہے جس نے تمہیں بہت کمزور حالت میں پیدا کیا
پھر اس کمزوری کے بعد قوت عطا کی پھر اس قوت کے بعد دوبارہ کمزوری اور بڑھاپا
طاری کر دیتا ہے يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَ هُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿۵۴﴾ وہ جو چاہتا ہے
پیدا فرماتا ہے اور وہ سب کچھ جاننے والا اور ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے وَ يَوْمَ
تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ۵ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ
كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿۵۵﴾ اور جس دن قیامت قائم ہو گی تو مجرم لوگ قسمیں کھا کر کہیں
گے کہ وہ دنیا میں چند گھنٹوں سے زیادہ نہیں رہے تھے، یہ لوگ دنیا کی زندگی میں بھی
اسی طرح دھوکہ میں رہے [★] وَ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَ الْاِيْمَانَ

لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۫ فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَ لٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ مگر جن لوگوں کو علم اور ایمان عطا ہوا ہے وہ انہیں جواب دیں گے کہ اللہ کی کتاب کے مطابق تو تم قیامت کے دن تک پڑے رہے ہو اور آج یہ قیامت ہی کا دن ہے، لیکن تم کبھی اس کا یقین نہیں کرتے تھے

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۵۷﴾ بہر حال اس دن ظالموں کو نہ تو ان کا کوئی جھوٹا عذر فائدہ پہنچا سکے گا اور نہ ہی اللہ سے معافی مانگنے کی اجازت دی جائے گی

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ اور اے پیغمبر (ﷺ)! ہم نے لوگوں کے سمجھانے کے لئے قرآن میں ہر طرح کی مثالیں بیان کر دی ہیں وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿۵۸﴾ اگر آپ ان کے پاس ان کی مرضی کے مطابق بھی کوئی نشانی لے آئیں تو یہ کافر لوگ پھر بھی یہی کہیں گے کہ تم سب مل کر جھوٹ بنا لائے ہو

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اور جو لوگ یقین نہیں کرتے، اللہ ان کے دلوں پر اسی طرح مہر لگا دیتا ہے

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۶۰﴾ پس آپ صبر سے کام لیجئے، بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے، ان یقین نہ رکھنے والے لوگوں کے خلاف کسی بھی طور آپ کے ہاتھ سے صبر و متانت اور استقامت کا دامن نہ چھوٹے رکوع [۶]

[#378]

Verses 48 to 60 discuss the signs of Allah's power, inviting the polytheists to monotheism. On the Day of Judgment, wrongdoers will swear that they only stayed in the world for a few hours, reflecting their regret and denial of the truth. The Quran has explained everything clearly, yet disbelievers persist in their disbelief. The Prophet [peace be upon him] is urged to be patient and is promised success because Allah’s promise is true.

اَللّٰهُ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ سَحَابًا فَیَبْسُطُهٗ فِی
السَّمَآءِ كَیْفَ یَشَآءُ وَ یَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَی الْوَدْقَ
یَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ

Allah [alone] is the One, who sends the winds, which then drive the clouds. Then He spreads them across the sky as He so wills, sometimes breaking them into fragments. Then you see the raindrops emerge from the clouds.

فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمْ
یَسْتَبْشِرُوْنَ ۟ۚ ﴿۴۸﴾

Then He causes this rain to fall upon whomever of His servants He so wills, and they rejoice with happiness.

وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ
لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾

Even though before this rain was sent down upon them, they were in despair [and had lost all hopes].

فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ

So look at the effects of mercy of Allah, how He brings life back to the earth after its death [when it has become barren].

اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾

[Thus], He will surely give life to the dead [on the Day of resurrection], and He is fully capable of everything.

وَ لَىِٕنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ﴿۵۱﴾

And if We send a [harsh] wind that spoils their crops, turning them yellow, they would immediately become ungrateful [for all Our previous blessings.]

فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ﴿۵۲﴾

So, [O Prophet!] You cannot make the dead hear you, nor can you make the deaf hear your call when they turn their backs and walk away.

وَ مَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ
يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾ ركوع [۵]

Nor can you guide the blind out of their misguidance. You can only make hear those, who believe in Our signs and then willingly submit to Allah [alone].

اَللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ
قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّ شَيْبَةً ؕ

Allah is the One who created [all of] you in a state of weakness, then after weakness gave you strength. Then, after your strength He [again] brings about weakness [in you] and the gray hair [of old age].

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿٥٤﴾

He creates whatever He so wills, and He is the All-Knowing, the All-Powerful.

وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ
سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿٥٥﴾

And on the Day, the Hour [of Doom] is established, the sinners will swear that they did not remain [in their graves] for more than an hour. In the same way, they were always deceived [in the life of this world].

وَ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَ الْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ
كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ٞ فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَ لٰكِنَّكُمْ
كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٦﴾

But those who were given [revealed] knowledge and who had faith will respond [to them], "Indeed, according to Allah's decree, you remained for until the Day of Resurrection, and now this is the very Day of Resurrection. But you never believed in it.

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَ لَا هُمْ
يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٥٧﴾

So, on that Day, no false excuse will benefit the wrongdoers, nor will they be allowed to seek forgiveness from Allah.

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ

And [O Prophet!] We have indeed put forth every kind of example for the peoples in this Quran.

وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا
مُبْطِلُوْنَ ﴿۵۸﴾

If you were to bring them a [miraculous] sign [as proof from Allah], these disbelievers would still say, "You [and the believers] have merely fabricated this".

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۹﴾

In this way Allah seals the hearts of those who do not [want to] know the truth.

فَاصۡبِرۡ اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ لَا يَسۡتَخِفَّنَّكَ الَّذِيۡنَ لَا
يُوۡقِنُوۡنَ ﴿٦٠﴾ رکوع[٦]

So be patient [O Prophet!]; indeed, the promise of Allah [to help you] is true. And let not the disbelievers discourage you [from conveying the message of Allah].